# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱




## فتنوں سے دوری

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**كُنْ فِي الْفِتْنَةِ كَابْنِ اللَّبُونِ لَا ظَهْرٌ فَيُرْكَبَ وَ لَا ضَرْعٌ فَيُحْلَبَ**

فتنہ وفساد میں اس طرح رہو جس طرح اونٹ کا وہ بچہ جس نے ابھی اپنی عمر کے دو سال ختم کیے ہوں کہ نہ تو اس کی پیٹھ پر سواری کی جا سکتی ہے اور نہ اس کے تھنوں سے دودھ دوہا جاسکتا ہے۔

(کلمات قصار نہج البلاغہ-حکمت 1)


المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲




## دعا و حاجت کیلئے بہترین مواقع

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

إغْتَنِمُوا الدُّعاءَ عِنْدَ خَمْسَةِ مَواطِنَ: عِنْدَ قِرائَةِ الْقُرْآنِ، وَ عِنْدَ الأذانِ وَ عِنْدَ نُزُولِ الْغَيْثِ وَ عِنْدَ الْتِقاءِ الصَفَّيْنِ لِلشَّهادَةِ وَ عِنْدَ دَعْوَةِ الْمَظْلُومِ، فَاِنَّهُ لَيْسَ لَها حِجابٌ دوُنَ الْعَرْشِ.

پانچ مواقع کو دعا اور حاجت مانگنے کے لئے غنیمت سمجھو:

۱) تلاوت قرآن کے وقت ۲) اذان کے وقت ۳) بارش کے وقت

۴) جہاد فی سبیل اللہ کے دوران ۵) مظلوم کی پریشان حالی اور دعا کے دوران

ان اوقات میں دعا کے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی اور وہ عرش تک جاتی ہے۔

(امالی صدوق: ص 97)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

۳

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام



# علم و ادب

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

أَلْعِلْمُ وِراثَةٌ كَريمَةٌ، وَ الأدَبُ حُلَلٌ حِسانٌ وَ الْفِكْرَةُ مِرآةٌ صافِيَةٌ وَ الاعْتِذارُ مُنْذِرٌ ناصِحٌ وَ كَفى بِكَ اَدَباً تَرْكُكَ ما كَرِهْتَهُ مِنْ غَيْرِكَ.

**علم** قیمتی میراث ہے اور **ادب** خوبصورت زیور ہے، تفکر صاف وشفاف آئینہ اور معذرتخواہی متنبہ کر دینے والی خیرخواہ ناصح ہے اور تمہارے باادب ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ جو کچھ اپنے لئے ناپسند کرتے ہو دوسروں کے بارے میں بھی روا نہ رکھو۔

(امالی طوسی: ج1 ص114 ح29)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

۴

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام



## حق ہمیشہ تازہ اور باطل بے بنیاد ہے

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**اَلْحَقُّ جَدیدٌ وَ إنْ طالَتِ الأیّامُ، وَ الْباطِلُ مَخْذُولٌ وَ إنْ نَصَرَہُ اقْوامٌ.**

حق اور حقیقت تمام حالات میں جدید اور تازہ ہے
خواہ اس پر مدتیں ہی کیوں نہ گذری ہوں اور
باطل ہمیشہ پست اور بے بنیاد ہے خواہ کثیر لوگ
اس کی حمایت ہی کیوں نہ کرتے ہوں۔

(وسائل الشّیعہ: ج25، ص434، ح32292)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث امام علی علیہ السلام
۵




# دنیا اور اس کے اموال کے تین اہداف

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

اَلدُّنیا تُطْلَبُ لِثَلاثَةِ اءشْیاء:
اَلْغِنی وَ الْعِزِّ وَ الرّاحَةِ فَمَنْ زَهِدَ فیها عَزَّ وَ مَنْ قَنَعَ إسْتَغْنی وَ مَنْ قَلَّ سَعْیُهُ إسْتَراحَ.

دنیا اور اس کے اموال تین اہداف کے لئے طلب کئے جاتے ہیں:

۱) بے نیازی اور عدم احتیاج کے لئے ۲) عزت و شوکت کے لئے ۳) راحت و آسائش کے لئے

جو زاہد ہے وہ محترم اور معزز ہے ، جو قناعت پیشہ ہے وہ کسی کا محتاج نہیں ہوتا
جو شخص اپنے آپ کو مشقت اور تکلف میں نہ ڈالے
وہ ہمیشہ راحت و آسائش میں ہے۔

(وافی: ج 4، ص 402، س 3)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

٦




## دین اور تقویٰ الٰہی سیاست بازی میں مانع

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**لَوۡ لاَ الدّینُ وَ التُّقی، لَکُنۡتُ اَدۡھَی الۡعَرَبِ**

اگر دینداری اور تقویٰ الٰہی کا لحاظ رکھنا

واجب نہ ہوتا تو عرب کے درمیان

سب سے زیادہ ہوشیار شخص میں ہوتا

(مگر دین اور تقوائے الٰہی سیاست بازی کی راہ میں رکاوٹ ہے)

(اعیان الشّیعہ: ج1،ص350)


المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۷




## علم

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

اَلْمُلُوكُ حُكّامٌ عَلَى النّاسِ وَ الْعِلْمُ حاكِمٌ عَلَيْهِمْ وَ حَسْبُكَ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ تَخْشَى اللّهَ وَ حَسْبُكَ مِنَ الْجَهْلِ اَنْ تَعْجَبَ بِعِلْمِكَ

بادشاہ عوام پر حکومت کرتے ہیں اور علم بادشاہوں پر حکمرانی کرتا ہے۔ علم میں تمہارے لئے یہی کافی ہے کہ تم خدا کا خوف کرو؛ اور تمہارے جہل کے اثبات کے لئے یہی کافی ہے کہ تم اپنی دانش اور اپنے علم پر فخر کرو۔ (خوف خدا علم کی دلیل اور علم و دانش پر فخر و غرور، جہل کی دلیل ہے)

(بحار الانوار: ج2، ص48، ح7)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN



# شک کے چار شعبے

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

..وَ الشَّكُ عَلَى أَرْبَعِ شُعَبٍ عَلَى التَّمَارِى وَ الْهَوْلِ وَ التَّرَدُّدِ وَ الِاسْتِسْلَامِ فَمَنْ جَعَلَ الْمِرَاءَ دَيْدَناً لَمْ يُصْبِحْ لَيْلُهُ وَ مَنْ هَالَهُ مَا بَيْنَ يَدَيْهِ نَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ وَ مَنْ تَرَدَّدَ فِى الرَّيْبِ وَطِئَتْهُ سَنَابِكُ الشَّيَاطِينِ وَ مَنِ اسْتَسْلَمَ لِهَلَكَةِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ هَلَكَ فِيهِمَا..

...اورشک کی چار شعبے ہیں: کلام میں جدل، خوف و ہراس دودل اور متردد ہونا اور زمانے کے حوادث کے سامنے سر تسلیم خم کرنا؛ پس جو شخص اپنی زندگی میں جدل اور نزاع کو اپنی عادت بنائے گا کبھی بھی شبہات کی ظلمتوں سے خارج نہ ہوگا؛ اور جو شخص کسی چیز سے خائف ہوجائے مسلسل پسپائی کی حالت میں رہے گا؛ اور جو شخص تردد اور دودلی کا شکار ہوگا شیطان کے پیروں تلے روندا جائے گا؛

اور جو شخص حوادث زمانہ کے مقابل سر تسلیم خم کرے گا اور دنیا اور آخرت کی تباہی کو اپنا مقدر سمجھے گا دونوں جہان اس کے ہاتھ سے نکل جائیں گے۔

(کلمات قصار نہج البلاغہ: حکمت 31)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۹



## بچے کی بیماری والدین کے گناہوں کا کفارہ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**فِی الْمَرَضِ یُصِیبُ الصَّبِیَّ، کَفَّارَۃٌ لِوالِدَیْهِ**

بچے کی بیماری
والدین کے
گناہوں کا کفارہ ہے۔

(بحار الانوار: ج5، ص317، ح16)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث

۱۰

امام علی علیہ السلام




# بچوں کو انار کھلاؤ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**أطْعِمُوا صِبْيانَكُمُ الرُّمانَ، فَإنّهُ أسْرَعُ لِألْسِنَتِهِمْ.**

اپنے بچوں کو

## انار کھلاؤ

تاکہ ان کی زبان جلدی کھلے

(اور جلدی بولنا شروع کرے)

(امالی طوسی: ج1 ص372)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۱

علی ابن ابی طالب علیہ السلام

# واجب اور مستحب

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**لَا قُرْبَةَ بِالنَّوَافِلِ إِذَا أَضَرَّتْ بِالْفَرَائِضِ**

مستحب عمل اگر واجبات کو نقصان پہنچائے

(مثلاً مستحب انجام دینے کی وجہ سے واجب ترک ہو جائے)

انسان کو (وہ مستحب عمل) خدا کی قربت عطا نہیں کرتا۔

(کلمات قصار نہج البلاغہ۔حکمت 39)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث امام علی علیہ السلام
۱۲




# دو خصلتیں جن کا بھروسہ نہیں

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

لاینبغی للعبد ان یثق بخصلتین: العافیة و الغنی بَیْنا تَراهُ مُعافاً اِذْ سَقُمَ وَ بَیْنا تَراهُ غنیّاً إذِ افْتَقَرَ۔

مناسب نہیں ہے کہ انسان زندگی میں دو خصوصیات کا بھروسہ کرے:

عافیت اور تندرستی کا اور دولتمندی و تونگری کا

کیونکہ وہ تندرستی کے عالم میں اچانک بیماریوں سے دو چار ہوسکتا ہے

اور تونگری کی حالت میں غربت و ناداری کا شکار ہوسکتا ہے۔

(یعنی تندرستی اور دنیا کی دولت وفادار نہیں ہیں)

(بحار الانوار: ج 69، ص 68، س 2، ضمن ح 28)


المھدی ادارہ تربیت اسلامی ISO-PAKISTAN imamiatarbiat.com

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۳



# ریاکار کی نشانیاں

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

لِلْمُرائی ثَلاثُ عَلاماتٍ: یَکْسِلُ إذا کانَ وَحْدَهُ، وَیَنْشطُ إذا کانَ فِی النّاسِ وَیَزیدُ فِی الْعَمَلِ إذا اُثْنِیَ عَلَیْهِ، وَیَنْقُصُ إذا ذُمَّ

ریاکار شخص کی تین نشانیاں ہیں:

تنہائی میں سست و کاہل ہوتا ہے، لوگوں کے بیچ چست و چالاک ہوتا ہے،

اور جب لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں اچھی طرح کام کرتا ہے

اور اگر تنقید کا سامنا کرے تو کام چور ہو جاتا ہے۔

(محجّۃ البیضاء: ج5، ص144)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

## چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۴



# دشمنِ خدا سے شباہت کی ممانعت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

اَوحَی اللّٰہُ تبارَکَ وَ تعالی إلی نبیٍّ مِنَ الانبیاءِ: قُل لِقَومِکَ لا یَلبِسوا لِباسَ أعدائی، وَ لا یَطعَموا مَطاعِمَ أعدائی، وَ لا یَتَشَکَّلوا بِمَشاکِلِ اعدائی، فَیَکونوا أعدائی

خداوند تبارک وتعالی نے اپنے انبیاء میں سے ایک نبی پر وحی نازل فرمائی کہ: اپنی امت سے کہہ دو

**میرے دشمنوں کا لباس نہ پہنیں اور میرے دشمنوں کا کھانا نہ کھائیں**

اور میرے دشمنوں کے ہم شکل ہونے سے پرہیز کریں

**ورنہ** وہ بھی میرے دشمن شمار ہونگے۔

(مستدرک الوسائل: ج3، ص210، ح3386)

imamiatarbiat.com
المہدی
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۵




## علم سب سے بڑی عزت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

أعَزُّ الْعِزِّ الْعِلْمُ لِإنّ بِهِ مَعْرِفَةُ الْمَعادِ وَ الْمَعاشِ وَ أذَلُّ الذُّلِّ الْجَهْلُ لِإنّ صاحِبَهُ أصَمٌّ، أبْكَمٌ، أعْمى، حَيْرانٌ

سب سے بڑی عزت علم ہے کیونکہ علم کے ذریعے معاد (موت) اور معاش (زندگی) کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور سب سے بڑی ذلت جہل اور نادانی ہے کیونکہ جاہل اور نادان شخص ہمیشہ بہرے پن، گونگے پن اور اندھے پن سے دو چار رہتا ہے۔

(نزہۃ الناظر وتنبیہ الخاطر حلوانی: ص70، ح65)


المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۶




# آئندہ کی فکر

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

يَابْنَ آدَمَ، لاتَحْمِلْ هَمَّ يَوْمِكَ الَّذى لَمْ يَأْتِكَ عَلى يَوْمِكَ الَّذى أَنْتَ فيهِ فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ مِنْ عُمُرِكَ يَأْتِ اللّٰهُ فِيهِ بِرِزْقِكَ

اے فرزند آدم! اس دن کی فکر کا بار جو ابھی آیا نہیں،

آج کے اپنے دن پر نہ ڈال کہ جو آچکا ہے؛

کیونکہ اگر تمہاری عمر اس دنیا میں باقی ہوگی

تو خداوند متعال تمہیں رزق دیتا رہے گا۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۲۶۷)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۷



# انسان کی قدر و قیمت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

قَدْرُ الرَّجُلِ عَلى قَدْرِ هِمَّتِهِ وَ شُجاعَتُهُ عَلى قَدْرِ نَفَقَتِهِ وَ صِداقَتُهُ عَلى قَدْرِ مُرُوَّتِهِ وَ عِفَّتُهُ عَلى قَدْرِ غَيْرَتِهِ

ہر شخص کی قدر و قیمت اس کی ہمت کے برابر ہے

اور ہر شخص کی شجاعت اور قدرت اس کے احسان کے برابر ہے

اور ہر شخص کی صداقت اور درستکاری اس کی جوانمردی اور مروت کے برابر ہے

اور ہر شخص کی پاکدامنی اور عفت اس کی غیرت کی برابر ہے۔

(نزہۃ الناظر وتنبیہ الخاطر حلوانی: ص 46، ح 12)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۸



# مومن بھائی کا جوٹھا

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

مَنْ شَرِبَ مِنْ سُؤْرِ أَخيهِ تَبَرُّكاً بِهِ خَلَقَ اللّٰهُ بَيْنَهُما مَلَكاً يَسْتَغْفِرُ لَهُما حَتّى تَقُومَ السّاعَةُ.

جوکوئی اپنے مؤمن بھائی کا جوٹھا تبرّک کے عنوان سے کھایا پی لے گا خداوندمتعال ایک فرشتہ مامور فرمائے گا تاکہ وہ ان دونوں کے لئے قیامت کے روز تک طلب مغفرت کرتا رہے۔

(اختصاص شیخ مفید: ص189، س5)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۱۹




## خیر اور نیکی دنیا میں صرف دو انسانوں کے لئے

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

لاخَیرَ فِی الدُّنیا إلاّ لِرَجُلَینِ: رَجَلٌ یَزْدادُ فی کُلِّ یَوْمٍ إحْساناً وَرَجُلٌ یَتَدارُكُ ذَنبَهُ بِالتَّوْبَةِ وَإنّی لَهُ بِالتَّوْبَةِ وَاللهِ لَوْ سَجَدَ حَتّی یَنْقَطِعَ عُنُقُهُ ما قَبِلَ اللهُ مِنْهُ إلاّ بِوِلایَتِنا أهْلِ الْبَیْتِ.

خیر اور نیکی دنیا میں صرف دو انسانوں کے لئے ہے:

پہلا وہ ہے جو ہر روز اسی کوشش میں رہتا ہے کہ ماضی سے کوئی بہتر عمل انجام دے۔

دوسرا انسان وہ جو ماضی کی خطاؤں اور گناہوں سے نادم اور شرمندہ ہو اور توبہ کرے اور کسی شخص کی توبہ قابل قبول نہیں ہے مگر یہ کہ اس کی توبہ ہم اہل بیت عصمت وطہارتؑ کی ولایت پر پورے اعتقاد کے ہمراہ ہو۔

(وسائل الشیعہ: ج16 ص76 ح5)


المہدی imamiatarbiat.com ادارہ تربیت اسلامی ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۰



# انسان کی حقیقت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

عَجِبْتُ لِابْنِ آدَمَ، أَوَّلُهُ نُطْفَةٌ وَ آخِرُهُ جِيفَةٌ وَهُوَ قَائِمٌ بَيْنَهُمَا وِعَاءٌ لِلْغَائِطِ ثُمَّ يَتَكَبَّرُ

حیرت ہے مجھے اس شخص سے جس کا آغاز ایک نطفہ تھا اور اس کی انتہا لاش ہے اور وہ ان دو (نطفے اور لاش) کے درمیان کھڑا ہے اور جس نے اپنے آپ کو گندگی کا برتن بنا رکھا ہے مگر اس کے باوجود تکبر اور بڑے پن کا اظہار بھی کرتا ہے۔

(وسائل الشیعہ: ج1،ص334،ح880)


المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

۲۱

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام



امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

## ادھار یا قرض سے بچے رہو

إِیَّاکُمْ وَ الدَّیْنَ فَإِنَّهُ هَمٌّ بِاللَّیْلِ وَ ذُلٌّ بِالنَّهَارِ

ادھار (یا قرض) سے بچ کے رہو

کیونکہ یہ راتوں کو غم واندوہ اور

دن کے وقت ذلت اور خواری

کا باعث بنتا ہے۔

(وسائل الشیعہ: ج18، ص316، ح23750)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۲



# ہر حال میں حق بات اور حق کا دفاع کرو

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

یا کُمَیلُ قُلِ الْحَقَّ عَلیٰ کُلِّ حالٍ وَ وادِدِ الْمُتَّقینَ وَ اهْجُرِ الفاسِقینَ وَ جانِبِ الْمُنافِقینَ وَ لا تُصاحِبِ الخائِنینَ۔

اے کمیل! ہر حال میں حق کی بات کرو اور حق کا دفاع کرو، پرہیزگاروں کے ساتھ مصاحبت و ہم نشینی جاری رکھو اور فاسقین اور گناہگاروں سے دوری اختیار کرو اور منافقین سے کنارہ کشی اختیار کرو اور خائنین کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے اجتناب کرو۔

(بحار الانوار: ج۔77، ص۔271، ح1)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام
۲۳



# ہمسفر اور ہمسایہ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

فی وَصیَّتِهِ لِلحَسَنِ علیه السلام : سَلْ عَنِ الرَّفيقِ قَبْلَ الطَّريقِ وَ عَنِ الْجارِ قَبْلَ الدّارِ.

امام حسن علیہ السلام کو وصیت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

سفر پر جانے سے قبل راستے کے لئے مناسب رفیق تلاش کرو؛
گھر لینے سے قبل پڑوسیوں کا حال پوچھو کہ وہ کیسے لوگ ہیں۔

(بحارالانوار: ج76، ص155، ح36)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام ۲۴




## فخر ورزی کم عقلی کی دلیل

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

اِعْجابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ دَليلٌ عَلى ضَعْفِ عَقْلِهِ۔

اپنے اوپر فخر انسان کی کم عقلی کی دلیل ہے۔

(اصول کافی: ج1، ص27)


imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۵




## دنیا کی محبت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

أَيُّهَا النّاسُ إِيّاكُمْ وَحُبَّ الدُّنيا فَإِنَّها رَأْسُ كُلِّ خَطيئَةٍ وَبابُ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَداعى كُلِّ رَزِيَّةٍ.

**لوگو!** دنیا کی محبت سے بچ کے رہو کیونکہ یہ ہر خطا اور انحراف کی جڑ ہے اور ہر بلا اور آزمائش کا دروازہ ہے اور ہر فتنہ اور آشوب کو نزدیک کرتی ہے اور ہر مصیبت اور مشکل کو ساتھ لاتی ہے۔

(تحف العقول: ص 152)

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۶



# مستی کی اقسام

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

السُّکْرُ أَرْبَعُ السُّکْرَاتِ: سُکْرُ الشَّرَابِ وَسُکْرُ الْمَالِ وَسُکْرُ النَّوْمِ وَسُکْرُ الْمُلْكِ.

مستی اور نشے کی چار قسمیں ہیں:

شراب کی مستی

مال و دولت کی مستی

نیند کی مستی

اور

حکمرانی کی مستی

(خصال: ج 2، ص 170)


المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام ۲۷



امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

# زبان ایک درندہ ہے

## أَللِّسانُ سَبُعٌ إِنْ خُلِّيَ عَنْهُ عَقَرَ

زبان، ایک ایسا درندہ ہے

اگر اسے کھلا چھوڑ دیا جائے تو پھاڑ کھائے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۶۰)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۸




# نزول قرآن

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

نَزَلَ الْقُرْآنُ أَثْلَاثاً، ثُلُثٌ فِينَا وَفِي عَدُوِّنَا وَثُلُثٌ سُنَنٌ وَأَمْثَالٌ وَثُلُثٌ فَرَائِضُ وَأَحْكَامٌ.

قرآن تین حصوں میں نازل ہوا ہے:

ایک تہائی حصہ ہم اہل بیت عصمت وطہارت اور ہمارے دشمنوں کے بارے میں

ایک تہائی اخلاقیات اور امثال وحِکَم کے بارے میں

ایک تہائی واجبات اور احکام الٰہی کے بارے میں ہے۔

(اصول کافی، ج2، ص627، ح2)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۲۹




## خدا کی ذات اعمال پر گواہ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**إِتَّقُوا مَعَاصِيَ اللهِ فِي الْخَلَوَاتِ فَإِنَّ الشَّاهِدَ هُوَ الْحَاكِمُ.**

خلوت اور تنہائی میں بھی

خدا کی معصیتوں اور نافرمانیوں سے پرہیز کرو

کیونکہ خدا جو تمہارے اعمال و کردار کا شاہد و گواہ ہے،

وہی حاکم اور قاضی بھی ہے۔

(شرح نہج البلاغہ ابن عبدہ: ج.3 ص 324)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۰




## لوگوں کے ساتھ معاشرت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

خَالِطُوا النَّاسَ مُخَالَطَةً إِنْ مِتُّمْ مَعَهَا بَكَوْا عَلَيْكُمْ - وَإِنْ عِشْتُمْ حَنُّوا إِلَيْكُمْ

لوگوں کے ساتھ ایسا میل جول رکھو
کہ مرجاؤ تو لوگ گریہ کریں اور
زندہ رہو تو تمہارے مشتاق رہیں۔

(نہج البلاغہ: حکمت: ۱۰)


imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث امام علی علیہ السلام
۳۱



# عمل و نسب

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**مَنۡ أَبۡطَأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمۡ يُسۡرِعۡ بِهِ نَسَبُهُ**

جسے اس کے اعمال پیچھے ہٹا دیں
اسے نسب آگے نہیں بڑھا سکتا ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت: 23)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۲



## دولت، فقیری، میراث، مددگار

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

لَا غِنَی كَالْعَقْلِ وَلَا فَقْرَ كَالْجَهْلِ - وَلَا مِيرَاثَ كَالْأَدَبِ وَلَا ظَهِيرَ كَالْمُشَاوَرَةِ.

عقل جیسی کوئی دولت نہیں ہے

اور

جہالت جیسی کوئی فقیری نہیں ہے۔

ادب جیسی کوئی میراث نہیں ہے

اور

مشورہ جیسا کوئی مددگار نہیں ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۵۳)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۳



## عقل مند اور احمق کی زبان

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**لِسَانُ الْعَاقِلِ وَرَاءَ قَلْبِهِ وَقَلْبُ الْأَحْمَقِ وَرَاءَ لِسَانِهِ**

عقل مند کی زبان اس کے دل کے پیچھے رہتی ہے اور احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے رہتا ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۴۰)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

۳۴

چہل احادیث امام علی علیہ السلام




# اہل دنیا

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

أَهْلُ الدُّنْيَا كَرَكْبٍ يُسَارُ بِهِمْ وَهُمْ نِيَامٌ۔

اہل دنیا اس سواروں کے مانند ہیں

جو خود سو رہے ہیں اور ان کا سفر جاری ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ٦٤)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۵



# عقل کامل ہونے کی علامت

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**إِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ**

جب عقل مکمل ہوتی ہے

تو باتیں کم ہو جاتی ہیں۔

(کہ عاقل کو ہر بات تول کر کہنا پڑتی ہے)

(نہج البلاغہ: حکمت ۷۱)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۶

علی ابن ابی طالب علیہ السلام

# استغفار کی طاقت

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

عَجِبتُ لِمَن یَقنَطُ ومَعَہ الِاستِغفَارُ

مجھے اس شخص کے حال پر تعجب ہوتا ہے
جو استغفار کی طاقت رکھتا ہے اور پھر بھی
رحمت خدا سے مایوس ہوجاتا ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۷۸)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث امام علی علیہ السلام
۳۷

# قیمتی ترین علم

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

أَوْضَعُ الْعِلْمِ مَا وُقِفَ عَلَى اللِّسَانِ- وأَرْفَعُهُ مَا ظَهَرَ فِي الْجَوَارِحِ والأَرْكَانِ

سب سے حقیر علم وہ ہے جو صرف زبان پر رہ جائے اور
سب سے زیادہ قیمتی علم وہ ہے
جس کا اظہار اعضاء وجوارح سے ہو جائے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۹۲)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

# چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۸




## نقل علم و فہم علم

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

عُقِلُوا الْخَبَرَ إِذَا سَمِعْتُمُوهُ عَقْلَ رِعَايَةٍ لَا عَقْلَ رِوَايَةٍ- فَإِنَّ رُوَاةَ الْعِلْمِ كَثِيرٌ وَ رُعَاتَهُ قَلِيلٌ.

جب کسی خبر کو سنو تو عقل کے معیار پر پرکھ لو
اور صرف نقل پر بھروسہ نہ کرو کہ علم کے نقل کرنے والے
بہت ہوتے ہیں اور سمجھنے والے بہت کم ہوتے ہیں۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۹۸)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی ISO-PAKISTAN imamiatarbiat.com

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

## چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۳۹



# اہل بیتؑ نقطہ اعتدال

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

**نَحْنُ النُّمْرُقَةُ الْوُسْطَى بِهَا يَلْحَقُ التَّالِي - وَإِلَيْهَا يَرْجِعُ الْغَالِي**

ہم اہل بیت ہی وہ نقطہ اعتدال ہیں جن سے پیچھے رہ جانے والا آگے بڑھ کر ان سے مل جاتا ہے اور آگے بڑھ جانے والا پلٹ کر ملحق ہو جاتا ہے۔

(نہج البلاغہ: حکمت ۱۰۹)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث امام علی علیہ السلام

۴۰




# تقویٰ کے ساتھ عمل

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

لَا يَقِلُّ عَمَلٌ مَعَ التَّقْوَى وَ كَيْفَ يَقِلُّ مَا يُتَقَبَّلُ

جو عمل تقویٰ کے ساتھ انجام دیا جائے

وہ تھوڑا نہیں سمجھا جا سکتا، اور مقبول ہونے والا عمل

تھوڑا کیوں کر ہو سکتا ہے؟

(نہج البلاغہ حکمت 95)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN